مقدسہ لُوسی (کنواری شہید)

آپ اِٹلی کے شہر سیرا کُو زے میں 283 میں ایک امیر معزز گھرانے میں پیدا ہوئیں۔آپ کے والد رومی تھے جبکہ والدہ یونانی تھیں۔آپ پانچ برس کی تھیں جب آپ کے والد اِنتقال کر گئے۔آپ کی والدہ نے آپ کی تربیت نہایت مذہبی ماحول میں کی۔

آپ اِنتہائی خُو بصُورت تھیں اور آپ کی خُو بصورت آنکھوں کی تو شہرت پورے شہر میں تھی۔بچپن ہی سے آپ دُعا اور ریاضت کی طرف راغب تھیں۔دُنیاوی شان وشوکت، دولت اور شادی کو ٹھکرا کر اپنے آپ کو خُداوند کے لئے وقف کر دِیا تھا اور خُدا سے اپنے طور پر پاکیزگی کا عہد کر چُکی تھیں جِس سے آپ کی والدہ لاعلم تھیں۔والدہ محترمہ بیمار رہنے کی وجہ سے آپ کے مستقبل کے بارے پریشان جلد شادی کی فِکر کرنے لگیں۔ اُنہوں نے آپ کی امیر گھر کے غیر قوم لڑکے سے شادی طے کر دی۔آپ تین سال تک اپنی والدہ کو ٹالنے کی کوشش کرتی رہیں اور باآخر بفضلِ خُدا پاکیزگی کا عہد وفا کر پائیں۔

آپ نے کتانیہ شہر مقدسہ آگاتھا کے مقبرہ پر جانے کے لیے اپنی والدہ کو قائل کیا۔آپ کو یقین تھا کہ ضرور وہ وہاں بیماری سے شِفا پائیں گی۔جب آپ وہاں تھیں تو مقدسہ آگاتھا آپ سے خواب میں ملیں اور آپ کو بتایا کہ آپ کے ایمان کی بدولت آپ کی والدہ شِفا پائیں گی اور یہ بھی کہا کہ آپ سیرا کُو زے کی شان ہوں گی جیسے مقدسہ آگاتھا کتانیہ کی ہیں۔آپ کی والدہ نے واقعتاً شِفا پائی۔

تب آپ نے اُنہیں اپنے پاکیزگی کے عہد کے بارے میں آگاہ کِیا۔والدہ نے حامی بھری کہ آپ اپنے عہد کے مُطابق زندگی جی سکتی ہیں۔لہٰذا آپ نے والدہ سے درخواست کی کہ جہیز کو غریبوں میں بانٹ دِیا جائے۔ آپ کا منگیتر آپ کی مرضی جان کر طیش میں آ گیا اور آپ کے مسیحی ہونے کی خبر سیرا کُو زے کے گورنر پاسکا سئیس (Paschasius) کو دے دی۔پاسکا سئیس نے حُکم دِیا کہ شہنشاہ کے آگے قُربانی چڑھائیں۔قُربانی نہ چڑھانے پر آپ کو طوائف خانہ بھیجنے کی سزا سُنائی گئی۔تاکہ آپ کی پاکیزگی کو داغ لگایا

جا سکے۔آپ نے طوائفوں کے درمیان رہ کر بھی دُعا اور ریاضت کے ذریعے اپنی پاکیزگی کو محفوظ رکھا۔ شہنشاہ کی طرف سے حکم ہُوا کہ آپ کی آنکھیں نِکال کر آپ کی خُوبصُورتی کو مسمار کِیا جائے۔

آپ نے باہمّت انداز میں خُود اپنی آنکھیں نِکال کر پیش کر دیں۔ گورنر نے آپ کو جلا دینے کا حُکم دِیا۔ جب آپ کو جلانے کے لئے لے جایا جا رہا تھا تو معجزانہ طور پر آپ کی آنکھیں بحال ہو گئیں اور آپ کی خُوبصورتی پہلے سے کہیں زیادہ پُرکشش ہوگئی۔ گورنر کے حُکم کے مطابق آپ کے گرد آگ لگا دی گئی مگر آگ نے بھی آپ کا کُچھ نہ بِگاڑا۔ آخر کار تلوار سے آپ کی گردن کاٹ دی گئی۔ یُوں آپ نے شہنشاہ ڈایوکلیشن (Dioclacion) کی ایذا رسانیوں کے دوران 13 دسمبر 304 کو شہادت پائی۔ آپ کو سِسلی میں ہی دفنایا گیا۔ 400 سال تک آپ کا جسدِ خاکی سِسلی میں ہی رہا۔ بعدازاں آپ کے جسدِ خاکی کو اِٹلی کے شہر ابروسّو (Abruzzo) میں مُنتقل کر دِیا گیا۔ یوں اِٹلی کے شہروں اور پھر پوری دُنیا میں آپ کی عقیدت پھیلتی گئی۔

لاطینی میں (Lux) کا مطلب ہے روشنی۔ اِسی لئے مقدسہ لُوسی کو سرد اندھیری راتوں میں روشنی کی علمبردار کہا جاتا ہے۔ تصویروں میں اکثر آپ تھالی میں اپنی آنکھیں پکڑے ہوئے، یا زیتون کی شاخ (جو کہ شہادت کی علامت ہے) کے ساتھ دِکھایا جاتا ہے۔

مشہور رومی شاعر دانتے اپنی کِتاب (Divina Commedia) میں آپ کو مختلف جگہوں پر پُرمعنی انداز میں پیش کرتا ہے۔ مقدسہ لوسی دانتے کو دو دفعہ اندھیرے سے نِکالتی ہے۔ وہ اُسے دوزخ کے اندر سے گُزرنے کے لئے حوصلہ دِلاتی ہے۔ اِس کا مطلب اُسے نجات کی طرف مائل کرتی ہے۔ نظم ''بہشت'' میں اُسے ''روشن کرنے والے فضل''، ''رحم'' اور ''اِنصاف'' کے طور پر پیش کِیا گیا ہے۔ آپ کو نابینوں اور آنکھوں سے متعلق تمام بیماریوں کے لئے مربی مانا جاتا ہے۔